# Pakistan Tehreek-e-Insaf

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کو پُر امن عوامی اجتماعات کے انعقاد کی اجازت نہ دینے کا معاملہ

تحریک انصاف کی جانب سے دیگر سیاسی جماعتوں کے برعکس پی ٹی آئی کو پر امن عوامی اجتماعات سے روکنے کی شدید مذمت۔انتظامیہ کی جانب سے تحریک انصاف کو مظلوم فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلیئے پر امن اجتماع کے انعقاد کی اجازت نہ دینا نہایت شرمناک اور قابل مذمت ہے، قائدِ اعظم کے اسرائیل پر اصولی مؤقف کو فراموش کر کے اپنے بیرونی آقاؤں کے خوف سے اسرائیلی ظلم و بربریت کے خلاف خاموشی اختیار کرنے والوں کو تاریخ معاف نہیں کرے گی، مظلوم فلسطینی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلیئے سب سے موثر آواز کی صورت میدان میں آنے والی جماعت کو سیاسی بنیادوں پر انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے، پاکستانی قوم فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی جارحیت و مظالم پر شدید تکلیف اور کرب سے دوچار ہے،

مظلوم فلسطینیوں کی حمایت میں آواز بلند کرنا ہر شہری و جماعت کا آئینی حق ہے جس سے ان کو محروم نہیں کیا جاسکتا، تحریک انصاف کی بجائے عوام میں غیر مقبول سیاسی جماعتوں کو ملک کے کسی بھی مقام پر جلسے و اجتماعات منعقد کرنے کی کھلی آزادی ہے، ملک کی سب سے بڑی جماعت کو مصیبت زدہ مسلمانوں کے ساتھ کھڑے ہونے کی اجازت نہ دینا بے حس حکمرانوں کی بوکھلاہٹ اور خوف کا عکاس ہے،

الیکشن کمیشن فوری طور پر متعصبانہ رویہ ترک کرکے تمام سیاسی جماعتوں کو آئین کے مطابق یکساں ماحول فراہم کرتے ہوئے ان کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنائے،

معزز چیف جسٹس سے اپیل ہے کہ تحریک انصاف کو پر امن عوامی اجتماعات سے روکنے کا نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران سے جواب طلب کیا جائے، پاکستانی قوم ہر غیر آئینی و غیر جمہوری حربے کے باوجود ہمیشہ کی طرح مشکل کی اس گھڑی میں اہلِ فلسطین کے ساتھ کھڑی ہے،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ